
The European Union's EIDHR programme for Serbia



APC/CZA-ASYLUM PROTECTION CENTER/ CENTAR ZA ZAŠTITU I POMOĆ TRAŽIOCIMA AZILA

# MIGRANT INFO FLAYER

Project: Enhancing asylum system in Serbia

Photography: Merlin Nad Torma

This project is funded by The European Union

APC
Asylum Protection Center

# ریپبلک آف سربیا میں پناہ لینے والوں کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں معلومات

اگر آپ نے غیر قانونی طور پر بورڈر کراس کیا ہے اور ریپبلک آف سربیا میں داخل ہوئے ہیں تو آپکی ریپبلک آف سربیا کے ملک میں غیر قانونی طور پر رہنے والے ایک غیر ملکی کی حیثیت ہے ۔آپ کو قانونی خلاف ورزی کی سزا مل سکتی ہے ۔اُس وقت آپ غیر قانونی اِمی گرینٹ یا تارکین وطن ہیں ۔

## آپ ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی اِمی گرینٹ کب سمجھے جاتے ہیں

1۔ جب آپ نے ریپبلک آف سربیا کا بورڈر غیر قانونی طور پر سرکاری بورڈر کراسنگ سے دور اور بغیر پاسپورٹ اور ویزا کے کراس کیا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ ریپبلک آف سربیا میں آپ کو قانونی طور پر رہائش کی اجازت نہیں ہے اور آپ غیر قانونی طور پر سربیا میں رہ رہے ہیں ۔

2۔ جب آپ ریپبلک آف سربیا میں بغیر ویزا اور بغیر ریذیڈنٹ پرمٹ یا پھر کسی اور دوسری قانونی بنیاد پر رہ رہے ہوں ،جبکہ ہو سکتا ہے کہ آپ کے پاس پہلے سے ہو، لیکن اُس کی میعاد گزر چکی ہو ۔

## ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی اِمی گرانٹ اور اسائلم یعنی پناہ مانگنے والے کی پوزیشن کے درمیان اہم فرق ہے

غیر قانونی امی گرانٹ وہ شخص ہے جس نے غیر قانونی طور پر ملک کا بورڈر کراس کیا ہے اور جو کسی ملک {ریپبلک آف سربیا} میں غیر قانونی طور پر رہ رہا ہے

اسائلم مانگنے والا ہر وہ شخص ہے جس نے ریپبلک آف سربیا کے ملک میں کسی بھی پولیس کے افسر کو رپورٹ کی ہے اور اس نے یہ ارادہ ظاہر کیا ہے کہ وہ اسائلم لینا چاہتا ہے ۔ایسے شخص کو سٹے کی قانونی اجازت ملتی ہے اور اس کو رسید ملتی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس نے اسائلم مانگا ہے

## ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی امی گرانٹ کے طور پر آپ کے کیا حقوق ہیں

اگر آپ کسی بھی وجہ کی بنا پر ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں تو آپ کے مندرجہ ذیل حقوق ہیں:

۔ بنیادی انسانی حقوق کی قدر {زندہ رہنے کا حق، تشدد اور غیر انسانی سلوک سے بچاؤ کا حق، آزادی اور سلامتی کا حق، منصفانہ مقدمہ کا حق، سوچ ،ضمیر اور مذہب کی آزادی، وغیرہ وغیرہ۔

۔ امرجنسی میڈیکل امداد {اگر آپ کی زندگی خطرہ میں ہے تو آپ ہمیشہ ایمبولینس یا پولیس کو کال کر سکتے ہیں}

۔ اگر آپ کو ڈر ہے کہ اگر ملک واپس بھیج دیا گیا تو آپ پر ظلم کیا جائے گا تو آپ ریپبلک آف سربیا میں کسی بھی وقت اسائلم مانگ سکتے ہیں {اور اس طرح آپ کو ریپبلک آف سربیا میں رہنے کی قانونی بنیاد فراہم ہوتی ہے}۔

## ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی امی گرینٹ کے بطور آپ کی کیا ذمہ داریاں ہیں ۔

۔ کہ ریپبلک آف سربیا کو چھوڑ کر چلے جائیں ۔یا

۔ اپنی حیثیت کو ویزا یا اسائلم طلب کرنے سے بہتر بنانے کی کوشش کرتے ہیں ۔

## ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی امی گرانٹ کی جبری برطرفی:

اگر آپ کو سربیا کی پولیس نے روک لیا اور آپ سے شناختی کارڈ مانگا اور آپکے پاس کوئی سرکاری کاغذ نہیں ہے اور نہ ہی سربیا میں قانونی رہائش کی اجازت ہے تو آپ کو گرفتار کیا جا سکتا ہے اور آپ کو میجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جا سکتا ہے۔ تو آپ کو جرمانے یا جیل کی سزا ملے گی اور آپ کو ایک معیاد ملے گی، جس عرصے میں آپ کو ریپبلک آف سربیا سے نکلنا چاہئے۔

اگر آپ اُس دی گئی میعاد کے اندر ریپبلک آف سربیا سے نہیں چلے گئے تو آپ کو جبری طور پر سربیا سے ملک بدر {ڈیپورٹ کیا} جائے گا۔

اگر آپ کی فوری ڈیپورٹیشن یعنی ملک بدری ممکن نہیں ہے تو آپ کو غیر ملکیوں کے حراستی مرکز میں زیادہ پولیس کی نگرانی میں رکھا جائے گا۔

غیر ملکی لوگوں کیلیئے مرکز، پولیس کا ایک ادارہ ہے جوکہ ان غیر ملکی لوگوں کو رہائش دیتا ہے جن کے پاس ریپبلک آف سربیا میں رہائش کی اجازت نہیں ہو یا وہ جو جبری طور پر ڈیپورٹ ہونے کا انتظار کر رہے ہیں۔ غیر ملکیوں کا مرکز بلگراد سے 15 کلومیٹر دور "پادنسکا سکیلا" میں واقع ہے۔ جو لوگ غیر ملکیوں کے مرکز میں قیام کرتے ہیں انکو باہر پھرنے کی آزادی نہیں ہے۔

آپ غیر ملکیوں کے حراستی مرکز میں جبری ملک بدر ہونے تک رہیں گے لیکن یہ عرصہ 90 دن سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ پولیس اور غیر ملکیوں کا حراستی مرکز اس عرصہ میں آپ کی شناخت اور شہریت کو ثابت کرنے کی کوشش کرے گا اور آپ کے اصلی ملک کے سفارت خانہ سے آپ کی اپنے ملک واپسی کی منظوری حاصل کرنے کیلیے رابطہ قائم کرے گا۔

غیر ملکیوں کے حراستی مرکز میں 90 دن کے قیام کے بعد آپ کی رہائش کو بڑھا دیا جائے گا اگر:

1۔ پولیس آپ کی شناخت کا ابھی تک تعین نہیں کر سکی۔
2۔ آپ جان بوجھ کر ملک بدر ہونے کی کاروائی میں مداخلت کرتے ہیں۔
3۔ اگر ملک بدر ہونے کی کاروائی کے دوران ملک بدری سے بچنے کے لیے اسائلم حاصل کرنے کی درخواست درج کرتے ہیں۔

غیر ملکیوں کے حراستی مرکز میں قیام کے بڑھانے کی صورت میں آپ 180 دن سے زیادہ اس میں نہیں رہ سکتے۔

**اہم: آپ کو اُس ملک میں ڈیپورٹ نہیں کیا جا سکتا جہاں آپ کو نسل، جنس، مذہب، قومیت، شہریت یا کسی سیاسی یا سماجی گروپ کی رکنیت یا جہاں آپ کو تشدد اور ظلم و ستم یا غیر انسانی سلوک کا نشانہ بنایا جا سکے۔**

## غیر قانونی امی گرانٹ کے حیثیت سے آپ کو کون سے خطرات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

- اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ آپ سربیا میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں۔ آپ حکومت کی نظر میں موجودگی نہیں رکھتے۔ یعنی آپ کا نام کسی بھی رجسٹر میں درج نہیں ہے نہ ہی آپ کی رہائش ریپبلک آف سربیا میں کہیں بھی رسمی طور پر ریکارڈ کی گئی ہے۔
- اس وجہ کی بنا پر کہ ریپبلک آف سربیا میں آپ کی رہائش کے بارے میں کسی کو بھی اطلاع نہیں ہے اور نہ ہی کوئی بھی سرکاری ادارہ آپ کی مدد کر سکے گا، اور پولیس وہ ادارہ ہے جس کا آپ کو سربیا کے ملک سے نکلوانے کا فرض ہے۔
- غیر قانونی امی گرانٹ کے طور پر ہمیشہ یہ خطرہ موجود ہے کہ آپ کو اغوا کیا جا سکتا ہے، تشدد کا نشانہ بن سکتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ نہ صرف سمگلر بلکہ لوگوں کی تجارت کرنے والے اور مجرمین آپ کے ساتھ برا سلوک کر سکتے ہیں۔ اور اس بارے میں کسی سرکاری حکام کو کوئی اطلاع نہ ملے۔
- غیر قانونی امی گرانٹ کے طور پر ہمیشہ اور سنگین خطرہ موجود ہے کہ آپ لوگوں کی تجارت کرنے والوں اور ان لوگوں کا شکار بن جائیں جو انسانی اعضا کی سمگلنگ کرتے ہیں۔

۔ غیرقانونی امی گرانٹ کے طور پر آپ قانونی طور پر سربیا میں نہیں رہ سکتے، نہ ہی سربیا میں ہمیشہ کے قیام اور ریپبلک آف سربیا کی شہریت حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**اسائلم مانگنے والا ہر وہ شخص ہے جس نے کسی بھی ریپبلک آف سربیا میں پولیس افسر سے رابطہ قائم کیا ہے اور اسائلم مانگنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ ایسے شخص کو ایک کاغذ ملتا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس نے اسائلم کی درخواست دی ہے۔**

**یہ شخص اس سب عرصہ تک اسائلم کا متلاشی ہے جب تک اس کی اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کا فیصلہ نہیں ہوتا۔ یعنی جب تک اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کا عدالتی فیصلہ نافذ نہیں ہوتا، فیصلہ ملنے کے طریقہ کار کی ایک مدت ہے جو کہ عام طور پر سات سے بارہ مہینہ تک جاری رہ سکتا ہے۔**

## اسائلم طلب کرنے کی وجوہات

اسائلم طلب کرنے کی سب سے پہلی وجہ یہ ہے کہ آپ اپنے ملک جانے سے ڈرتے ہیں، کیونکہ وہاں آپ کو نسل، مذہب، قومیت، یا کسی سیاسی یا سماجی گروپ کی رکنیت کی وجہ سے آپ کا ظلم و ستم سے سامنا ہو سکتا ہے۔

اسکے علاوہ اسائلم طلب کرنے کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ آپ اپنے ملک جانے سے ڈرتے ہیں جہاں آپ کو تشدد اور ظلم و ستم یا غیرانسانی سلوک کا نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ یا آپ کی زندگی، تحفظ یا آزادی جنگ کی وجہ سے خطرہ میں ہو یا بڑی حد تک انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

## اسائلم کس طرح طلب کیا جاتا ہے۔

اگر آپ نے سربیا میں پناہ یا اسائلم طلب کرنے کا فیصلہ کیا ہے تو آپ کو یہ جاننا چاہیے:

۔ سب سے پہلے ریپبلک اف سربیا میں کسی پولیس افسر سے رابطہ قائم کریں {بورڈر کے قریب یا پھر خود ہی کسی پولیس اسٹیشن چلے جائیں} اور زبانی لفظ "ازیل" جس کے معنی اسائلم ہیں اور لفظ "پوموچ" یعنی امداد (AZIL .english: Asylum) , **POMOĆ** (english: HELP) انگریزی لفظ ہیلپ یا پھر لکھ کر انہیں سمجھا دیں

۔ اگر آپ پولیس سے رابطہ قائم کریں اور ان سے اسائلم کی درخواست کریں تو آپ کو غیرقانونی طور پر ملک میں داخل ہونے کی سزا نہیں ملے گی یا اِسلئے کہ آپ غیر قانونی طور پر ریپبلک آف سربیا میں رہ رہے ہیں۔

اگر آپ کسی وجہ کی بنا پر مندرجہ بالا طریقہ سے پولیس سے رابطہ قائم نہیں کر سکے، تو آپ سربیا میں پناہ گزینوں کے اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر کے دفتر سے جس کا ٹیلیفون نمبر 011/3082100 ہے رابطہ کریں یا پھر ایک غیر سرکاری ادارہ " اسائلم طلب کرنے والوں کے تحفظ اور امدادی سنٹر APC-CZA {ٹیلیفون نمبر 011/ 2457376} سے رابطہ قائم کریں۔

۔ پہلی دفعہ جب آپ پولیس سے رابطہ قائم کریں گے تو وہ آپ سے پاسپورٹ یا کوئی دوسرا ڈاکومنٹ مانگے گے۔ جو آپکے پاس ہو یا اگر آپ کے پاس کوئی ڈاکومنٹ نہ ہو تو آپ سے اپنی ذاتی معلومات یعنی نام، خاندان کا نام یعنی فیملی نیم، اپنے اصلی ملک کا نام، تاریخ پیدائش اور دوسری معلومات پوچھی جائیں گی۔

پولیس کے ساتھ رابطہ قائم کرنے اور اپنے سربیا میں اسائلم طلب کرنے کے ارادہ کو ظاہر کرنے کے بعد، پولیس آپ کو ایک رسید دیگی کہ آپ نے سربیا میں اسائلم طلب کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہے جس میں آپ کی سب تفصیلات لکھی ہونگی اور جس میں لکھا ہوگا کہ آپ کسی اسائلم سنٹر جا کر اپنی اطلاع کریں۔

**ضروری: آپ کو 72 گھنٹوں کے اندر اسائلم سنٹر میں جا کر اطلاع کرنی پڑے گی۔ اگر آپ اس عرصہ میں اطلاع نہ کر سکیں تو آپ کو وہاں رہائش نہیں ملے گی۔**

وہ لوگ جنہوں نے اسائلم طلب کیا ہے اور وہ ریپبلک آف سربیا کے اسائلم حاصل کرنے کے طریقہ کار میں داخل ہو گئے ہیں ۔ تو انکی قانونی طور پر دوسری حیثیت ہے بنسبت ان لوگوں کے جو کہ ریپبلک آف سربیا میں غیر قانونی طور پر رہ رہے ہیں ۔ اگر آپ ریپبلک آف سربیا میں اسائلم طلب کرتے ہیں ، تو آپ کو ریپبلک آف سربیا سے اس وقت تک ڈیپورٹ نہیں کیا جا سکتا جب تک آپ کی اسائلم کی کاروائی ختم نہیں ہوتی ۔ اور اس کا کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کیا آپ نے فوری طور پر ملک میں داخل ہونے کے بعد یا پھر ملک میں قیام کے دوران میں اسائلم طلب کیا ہے ۔

## ریپبلک آف سربیا میں اسائلم طلب کرنے والے کے طور پر آپ کے کون سے حقوق ہیں

- جب تک آپ کی ریپبلک آف سربیا میں اسائلم کی درخواست اور انتظامی تنازعہ کی کاروائی جاری رہے گی، آپ اس ملک میں قانونی طور پر رہ سکتے ہیں ۔
- اسائلم کی کاروائی کے دوران میں آپ اسائلم کیمپ میں رہائش کریں گے یا اگر آپ کے پاس اپنے ذاتی پیسے ہیں تو آپ پرائیویٹ رہائش کا انتظام کر سکتے ہیں ۔
- اگر آپ اسائلم سنٹر میں رہ رہے ہیں تو آپ کو کھانے پینے اور کپڑوں اور جوتوں کی ابتدائی مدد ملنے کا حق ہے ۔
- آپ کو آیڈنٹیٹی ۔ شناختی کا کاغذ ملتا ہے { اسائلم طلب کرنے والوں کا شناختی کارڈ } ۔
- اگر آپ کے پاس اسائلم طلب کرنے والوں کا درست شناختی کارڈ ہے تو آپ ریپبلک آف سربیا کے ملک میں کہیں بھی آزادی سے جا سکتے ہیں ۔
- آپ کو صحت کی دیکھ بھال کا حق ملتا ہے ۔
- آپ کا پرائمری اور مڈل کلاس کی تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے ۔
- اگر آپ اسائلم سنٹر میں قیام نہیں کر رہے اور اپنی پرائیویٹ رہائش کا انتظام کیا ہے تو آپ کو مالی اور سوشل امداد ملنے کا حق ہے ۔
- اسائلم کے طریقہ کار کے دوران آپ کو مفت ترجمان ملتا ہے اور آپ کو مفت قانونی نمائندگی کا حق ملتا ہے ۔

## ریپبلک آف سربیا میں اسائلم طلب کرنے والے کے طور پر آپ کی کون سی ذمہ داریاں ہیں

- آپ کو آئینی و قانونی حکومت اور ریپبلک آف سربیا کے قوانین کا احترام کرنا ہوگا ۔
- آپ کو اسائلم کی پولیس اور دوسرے سرکاری حکام کی طرف سے بلایا جانے کی صورت میں انکے پاس جانے کیلئے ہر روز دستیاب ہونا ہوگا اور انکے ساتھ تعاون کرنا ہوگا ۔
- آپ کو پولیس کے مجاز افسر کو اپنے شناختی کاغذات، پاسپورٹ اور دوسرے کاغذات جن کی بنا پر آپ کی شناخت کی جا سکے دینے ہونگے ۔
- اگر آپ اسائلم سنٹر میں رہ رہے ہیں تو سنٹر کے قواعد پر عمل کرنا ہوگا ۔
- اگر آپ اسائلم سنٹر میں نہیں رہ رہے ہیں اور آپ نے اپنی رہائش کا پتہ تبدیل کیا ہے تو آپ کو تین دن کے اندر اپنے نئے پتہ کی اطلاع اسائلم کی پولیس کو دینی ہوگی ۔
- آپ کو اسائلم کی کاروائی کے ختم ہونے تک ریپبلک آف سربیا کے ملک میں رہنا ہوگا ۔
- جب آپ کی اسائلم طلب کرنے کی درخواست کا آخری فیصلہ ہوگیا تو آپ کو اسائلم سنٹر سے جانا پڑے گا ۔
- آپ کو ہر قسم کے تشدد، مجرمانہ رویے یا کسی دوسری طرح کی مجرمانہ کاروائی سے دور رہنا ہوگا، دوسری صورت میں آپ کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، عدالت میں پیش کیا جائے گا اور اسی طرح کی سزا ملے گی جیسی سزا ریپبلک آف سربیا کے شہریوں کو ملتی ہے ۔

## ریپبلک آف سربیا میں اسائلم حاصل کرنے کی کاروائی کے مرحلے ۔

ریپبلک آف سربیا میں اسائلم حاصل کرنے کی کاروائی کے دو مرحلے ہیں ۔

- پہلے مرحلے میں <u>وزارت داخلہ</u> یعنی پولیس کا اسائلم کا ادارہ کاروائی چلاتا ہے ۔

- دوسرے مرحلے میں اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کا <u>اسائلم کمیشن</u> فیصلہ کرتا ہے ۔ جو کہ خود مختار سرکاری ادارہ ہے ۔ یہ دوسرے مرحلہ کی کمیشن میں آزاد ارکان شامل ہیں جن کا پولیس سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

۔ دوسرے مرحلہ کی کمیشن کے بعد اگر فیصلہ منفی ہے تو انتظامی عدالت کے سامنے کاروائی شروع کی جا سکتی ہے جوکہ کم ازکم تین ماہ تک جاری رہے گی۔

## کاروائی کے مرحلے

**اسائلم طلب کرنے کے ارادے کا اظہار**

{سربیا کے ملک میں ریپبلک آف سربیا کی وزارت داخلہ کے کسی بھی پولیس افسر کے سامنے}

↓

**اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کا درج کرانا**

{درخواست کے فارم کو اسائلم کی پولیس کا افسر بھرے گا}

↓

**سماعت {بات چیت}**

{پولیس کے اسائلم کے ادارہ کے افسر کے سامنے ہوگی}

↓

**اسائلم کے ادارہ کا فیصلہ**

**اسائلم کی درخواست کو رد کر دیا گیا ہے**

↓

**اپیل**

{اسائلم کمیشن کو اپیل درج کی جاتی ہے}

↓

اسائلم کمیشن کا فیصلہ

↓ اسائلم کی درخواست کو رد کر دیا گیا ہے

↓

مقدمہ

{انتظامیہ عدالت کو پیش کیا جائے گا}

↓

**انتظامیہ عدالت کا فیصلہ**

↓ اسائلم کی درخواست کو رد کر دیا گیا ہے

↓ سربیا کے ملک سے جانا ہوگا۔

↓ اسائلم کی درخواست کو منظور کر لیا گیا ہے

↓ سربیا میں انٹگریشن

↓ اسائلم کی درخواست کو منظور کر لیا گیا ہے

**اسائلم کی درخواست کو منظور کر لیا گیا ہے**

↓

سربیا میں انٹگریشن

**1۔ اسائلم حاصل کرنے کی کاروائی میں پہلا قدم اسائلم مانگنے کا ارادہ ظاہر کرنا** ہے۔ اسائلم مانگنے کا ارادہ ملک کا بورڈر کراس کرنے کے موقع پر یا پھر بعد میں کسی بھی موقع پر ریپبلک آف سربیا میں قیام کے دوران۔ اسائلم مانگنے کا ارادہ کسی پولیس افسر کے سامنے کرنا ہوگا۔

اسائلم مانگنے کے ارادہ کو ظاہر کرنے کے بعد پولیس افسر آپ کی سب ذاتی معلومات نوٹ کرے گا۔

آپ کو اسائلم مانگنے کے ارادے کو ظاہر کرنے کی رسید ملے گی۔ جس میں آپ کی ذاتی معلومات ہونگی جو کہ آپ نے اپنے بارے میں بتائی ہیں یا اگر آپ کے پاس کوئی ڈاکومنٹ ہو تو اس سے لی گئی معلومات ۔ یہ رسید اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ نے ریپبلک آف سربیا میں اسائلم لینے کا ارادہ ظاہر کیا ہے اور آپ کا ریپبلک آف سربیا میں 72 گھنٹوں تک رہنے کا حق ہے اور اس عرصے کے دوران دو میں سے کسی ایک اسائلم سنٹر جا کر اطلاع کرنی ہوگی ( بانیا کوولیاچا Banja Koviljača یا بوگوواجا (Bogovađa۔

**2۔ ریپبلک آف سربیا میں اسائلم لینے کی کاروائی سرکاری طور پر اسائلم حاصل کرنے کے فارم بھرنے کے بعد شروع ہوتی ہے ۔ یہ سرکاری طور پر اسائلم حاصل کرنے کی درخواست درج کرانا ہے ۔**

یہ کاروائی عام طور پر اسائلم سنٹر میں کی جاتی ہے اور یہ کام اسائلم کے ادارے {پولیس} کے رکن کار کرتے ہیں ۔ وہ آپ کے ساتھ اکٹھے مل کر سرکاری طور پر اسائلم کی درخواست کے فارم بھریں گے اور اس طریقہ سے آپ کے کیس میں اسائلم حاصل کرنے کے فیصلہ کی کاروائی شروع ہوگی۔

اس درخواست کے درج کرنے کے بعد اسائلم طلب کرنے والے کے نام پر عارضی طور پر شناختی کارڈ ملے گا۔

3۔ درخواست کے فارم بھرنے کے ایک خاص وقت کے بعد جو کہ ہو سکتا ہے ایک ماہ تک گزر جائے، ایک **ساعت { بات چیت }** ہوگی، جس میں آپ کو اسائلم کے ادارہ کے کارکنوں کو وجوہات پیش کرنی ہونگی کہ کس وجہ کی بنا آپ نے اپنا ملک چھوڑا اور ریپبلک آف سربیا میں اسائلم لینے کی درخواست دی ہے ۔

اسائلم کی درخواست دینے کے بعد پولیس کے ساتھ یہ بات چیت کافی لمبے عرصہ تک جاری رہتی ہے {کچھ گھنٹے تک } اور آپ سے جو سوال پوچھے جائیں گے ان کا جواب پوری تفصیل کے ساتھ دینا ہوگا۔

**4۔آپ کی اسائلم کی درخواست کا فیصلہ پہلے اسائلم کا ادارہ۔ پولیس، آپ کی درخواست درج ہونے کے دو مہینہ کے اندر کرتی ہے ۔**

اسائلم کے ادارہ کا فیصلہ ہو سکتا ہے : مثبت ۔ جب کہ آپ کی اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کو منظور کر لیا گیا ہے اور آپ کو سربیا میں اسائلم یعنی پناہ ملے گی،

اسائلم کے ادارہ کا فیصلہ ہو سکتا ہے : منفی ۔ جب کہ آپ کی اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کو بے بنیاد قرار دے کر مسترد کر دیا گیا ہے ۔ {جب پولیس یہ اندازہ کرے کہ آپ کے اسائلم حاصل کرنے کی کوئی بنیاد نہیں ہے } یا نا قابل قبول قرار دے کر مسترد کر دے۔

**5۔ اگر اسائلم کا ادارہ آپ کی اسائلم حاصل کرنے کی درخواست کا منفی فیصلہ کرے یعنی آپ کی درخواست کو رد کر دے تو 15 دن کے اندر آپ کو خود یا آپ کی مفت قانونی نمائندگی کی طرف اپیل کرنے** کی اجازت ہے۔

**6۔آپ کی درخواست کے منفی فیصلہ کے خلاف اپیل درج ہونے کے دو ماہ کے اندر اسائلم کمیشن اپیل کا فیصلہ کرتی ہے۔**

اسائلم کی کمیشن کا فیصلہ ہو سکتا ہے : مثبت ۔ جب کہ آپ کی اپیل کو منظور کیا جائے گا اور آپ کو سربیا میں اسائلم یعنی پناہ ملے گی،

اسائلم کی کمیشن کا فیصلہ ہو سکتا ہے : منفی ۔ جب کہ آپ کی اپیل کو بے بنیاد قرار دے کر مسترد کر دیا جائے گا اور اُس صورت میں آپ کو ایک میعاد ملے گی جس عرصہ میں آپ کو سربیا چھوڑ کر جانا پڑے گا۔

کمیشن کے اس فیصلہ کے بعد آپ کی اسائلم حاصل کرنے کی کاروائی ختم ہو جاتی ہے ۔

7۔ پھر بھی کاروائی کے ختم ہونے کے بعد عدالت میں مقدمہ چلانا ممکن ہے اور انتظامیہ عدالت کے سامنے کیس کیا جا سکتا ہے ۔ اس کیس کو درج کرنے کے بعد ریپبلک آف سربیا سے نکلنے کے فیصلے کو ایک عرصہ تک ملتوی کر دیا جائے گا۔

## <u>ریپبلک آف سربیا اسائلم کی کاروائی ختم ہونے کے بعد اسائلم طلب کرنے والوں کو دو قسم کے تحفظ فراہم کر سکتا ہے</u>

**1۔ پناہ گزین تحفظ۔** اُس حالت میں کہ اگر آپ کے ملک میں آپ کی زندگی، **نسل، مذہب، قومیت یا کسی سیاسی یا سماجی گروپ کی رکنیت کی وجہ سے خطرہ میں ہے ۔**

**2۔ ماتحت ادارہ تحفظ۔** اُس حالت میں کہ آپ کو ملک میں واپسی کی صورت میں جہاں آپ کو تشدد اور ظلم وستم یا غیر انسانی سلوک کا نشانہ بنایا جا سکے یا آپ کی زندگی، تحفظ یا آزادی جنگ کی وجہ سے خطرہ میں ہو یا بڑی حد تک انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

اگر آپ کی اسائلم طلب کرنے کی درخواست کو منظور کرنے سے پوری طرح انکار کر دیا گیا ہے تو آپ کو ریپبلک آف سربیا سے اسائلم کی کاروائی کے ختم ہونے کے فیصلہ کے ملنے کے بعد زیادہ سے زیادہ 15 دن کے اندر ملک سے نکل جانا ہوگا

اگر آپ اس عرصہ کے دوران میں اپنی مرضی سے سربیا سے چلے نہیں جاتے ہیں تو آپ کو اپنے ملک زبردستی ڈیپورٹ کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔ ڈیپورٹ ہونے کے عرصہ تک آپ کو "پاڈِنسکا سکیلا" کے غیر ملکیوں کے کیمپ میں رکھا جائے گا۔ {Padinska Skela}

---

## مندرجہ ذیل حالات میں آپ کو کیا کرنا چاہیے۔

### 1۔ پولیس کے ساتھ زبان نہ جاننے کی وجہ سے بات نہیں کر سکتے۔

آپ کسی کو ڈھونڈ لیں جو انگریزی جانتا ہو۔ اور اس سے التجا کریں کہ آپ کی باتوں کا ترجمہ کرے۔ مثال کے طور پہ وہ شخص ہو سکتا ہے جس نے آپ کے ساتھ سفر کیا ہو۔
"اسائلم طلب کرنے والوں کے تحفظ اور امداد کے ادارے کو ٹیلیفون کریں۔ APC-CZA (011/245-7376; 063/704-7080).

### 2۔ پولیس آپ کے اسائلم طلب کرنے کے ارادے کو ظاہر کرنے کے بعد آپ کو رسید نہیں دینا چاہتی۔

آپ کسی دوسرے پولیس اسٹیشن جاکر وہاں سے رسید حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اگر وہاں بھی آپ کو رسید نہیں دینا چاہتے تو آپ مندرجہ ذیل ادارے کو ٹیلیفون کریں۔
"اسائلم طلب کرنے والوں کے تحفظ اور امداد کا ادارہ"۔ APC-CZA (011/245-7376; 063/704-7080). یا پھر آپ خود بلگراد میں APC-CZA کے دفتر آ جائیں۔ یہاں سے ہم آپ کو بلگراد کے پولیس اسٹیشن بھیج دیں گے۔

### 3۔ پولیس آپ کو گرفتار کر لیتی ہے۔

اگر آپ کو پولیس غیر قانونی طور پر ریپبلک آف سربیا میں داخل ہونے کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ آپ کے پاس کوئی قانونی ڈاکومنٹ نہیں ہے تو وہ آپ کو میجسٹریٹ کے سامنے پیش کریں گے جو آپ کو اِسی وجہ کی بنا پر 100 سے 500 یورو تک جرمانہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس جرمانہ ادا کرنے کے پیسے نہیں ہیں تو جج آپ کو مالی جرمانہ کے بدلے، آپ کے جرمانہ کے مطابق جیل کی سزا دیگا۔ اس کے بعد جج آپ کو حکم دیگا کہ آپ سربیا کے ملک سے نکل جائیں اور آپ کو اس حکم پر عمل کرنے کیلئے تین دن {72 گھنٹوں} کی میعاد دے گا۔
اگر آپ اس عرصے کے بعد سربیا چھوڑ کر چلے نہیں گئے تو اگر پولیس نے دوبارہ پکڑ لیا تو عدالت آپ کو نئی سزا دے گی۔

### 4۔ آپ کے پاس اسائلم طلب کرنے کے ارادہ کی رسید ہے، لیکن اسائلم سنٹر میں خالی جگہ نہیں ہے۔

سب سے بہتر ہے کہ آپ اسائلم سنٹر میں جگہ خالی ہونے کا انتظار کریں۔ ہمیشہ کوشش کریں کے آپ سنٹر کے قریب / سامنے رہیں، آپ دوسرے سنٹر بھی جا سکتے ہیں اور وہاں جاکر کوشش کریں کہ وہاں آپ کو جگہ مل جائے۔ اگر آپ کے پاس پیسے ہیں تو آپ پرائیویٹ رہائش کا انتظام کر سکتے ہیں {کمرہ یا فلیٹ کرایہ پر لیکر} لیکن اس بارے میں اسِائلم کے ادارے {پولیس} یا اسائلم سنٹر کو 72 گھنٹوں کے اندر اطلاع کرنی ہوگی۔ وہ اس طرح ممکن ہے کہ آپ اسائلم طلب کرنے والوں کے تحفظ اور امداد کے ادارے سے رابطہ قائم کریں۔ جو آپ کے لئے اجازت حاصل کرے گا اور اسائلم کے ادارے کو اطلاع کر دے گا۔

### 5۔ کیا آپ کے خاندان کا کوئی آدمی سربیا میں رہ رہا ہے؟

جب آپ کو اسائلم طلب کرنے کے ارادہ کو ظاہر کرنے کی رسید ملے تو آپ اس بات کی درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو اس سنٹر میں جگہ ملے جہاں آپ کا کوئی رشتہ دار رہتا ہے۔ اُس صورت میں سنٹر میں جگہ حاصل کرنے میں آپ کو ترجیح ملے گی۔

**سربیا میں 2 اسائلم سنٹر ہیں جہاں اسائلم طلب کرنے والوں کی رہائش کا انتظام ہے**

**جوکہ بوگوواجا اور بانیاکوولیاچا میں ہیں**

{اس سربیا کے نقشہ میں یہ مقامات لال رنگ میں دکھائے گئے ہیں}




**ضروری ٹیلیفون نمبر۔ جن سے آپ امداد کیلیئے رابطہ قائم کر سکتے ہیں:**

پولیس کا نمبر۔ ___________________ **192**

امرجنسی نمبر۔ ___________________ **194**

پولیس سٹیشن شاباتس۔ **Šabac** ___________ **015/220-200**

پولیس سٹیشن والیے وو۔ **Valjevo** ___________ **014/294-300**

پولیس سٹیشن لوزنتسا۔ **Loznica** ___________ **015/874-060**

پولیس سٹیشن ورانئیہ۔ **Vranje** ۔ **017/421-151**؛ **017/401-801**

پولیس سٹیشن نیش غیر ملکی محکمہ۔ **Niš** ___________ **018/503-117**

پولیس سٹیشن نووی پازار۔ **Novi Pazar** ___________ **020/366-000**

پولیس سٹیشن نووی ساد **Novi Sad** ___________ **021/4885-000**

پولیس سٹیشن سوبوتتسا۔ **Subotica** ___________ **024/630-200**

محکمہ پولیس بلگراد غیر ملکی محکمہ۔ **Beograd** ___________ **011/3618-964**

پناہ گزینوں کی ہائی کمیشن بلگراد۔ **Beograd** ___________ **011/311-7272**

ریڈکراس بوگوواجا۔ **Bogovadja** ___________ **014/78-006**

اسائلم سنٹر بوگوواجا۔ **Bogovadja** ___________ **014/78-035**


اسائلم سنٹر بانیاکوولیاچا۔ **Banja Koviljača** ___________ **015/820-267**

ریڈکراس بلگراد۔ **Beograd** ۔ **011/3032-115**؛ **011/2620-616**

ایسٹ یورپین میشن آرگنائزیشن۔ سوبوتتسا۔ **Subotica** ۔ **024/781-787**

اسائلم طلب کرنے والوں کے تحفظ اور امداد کا ادارہ ۔ **011/245-7376**

مندرجہ بالا ادارے کا موبائیل نمبر بلگراد **Beograd 063/704-7080**



"The European Union is made up of 28 Member States who have decided to gradually link together their know-how, resources and destinies. Together, during a period of enlargement of 50 years, they have built a zone of stability, democracy and sustainable development whilst maintaining cultural diversity, tolerance and individual freedoms.

The European Union is committed to sharing its achievements and its values with countries and peoples beyond its borders"

Asylum Protection Center / Centar za zaštitu i pomoć tražiocima azila
Address: Sime Igumanova 14, 11118 Belgrade;
Tel: + 381 11 2457376; +381 63 7047080;
Fax: + 381 11 3085259;
E-mail: sediste@apc-cza.org; rados.djurovic@apc-cza.org;
Web site: www.azilsrbija.rs
www.apc-cza.org
Facebook: www.facebook.com/AzilUSrbiji
Twitter: www.twitter.com/APC_CZA

**This programme is implemented by APC/CZA. The views expressed in this publication do not necessarily reflect the views of the European Union.**